# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**
**Dated : 01-08- 2026**
**Time : 07:40 / PM**

---

## Opening

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔ خبروں کا بلیٹن لیکر میں شبیر الزمان ۔ پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

### ہیڈ لائنز

✓ ۱ ----- وزیر اعظم کا **SCO** کے ممبر ممالک کو دہشت پسندی کے نظام کے خاتمے کیلئے مل کر کام کرنے کی تاکید۔

✓ ۲ -----نارکو ٹیرر نیٹ ورکس کے خلاف کارروائی تیز کرنے اور ابھرتے ہوئے ڈیجیٹل خطرات کی نگرانی بڑھانے پر لیفٹننٹ گورنر کا زور / سرینگر میں اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران سلامتی کے مجموعی منظر نامے کا لیا جائزہ۔

✓ ۳ ----- جموں وکشمیر میں سرمایہ کاری ، اختراعیت اور معاشی ترقی کیلئے معاون اور سازگار ماحول قائم کرنے پر وزیر اعلیٰ کا زور۔

اور

✓ ۴ ----- جموں وکشمیر کے شہری علاقوں میں مثبت بدلاؤ لانے کیلئے **2** ہزار **692** کروڑ روپے لاگت والے تین بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کو منظوری۔

---

### اب پیش ہے خبروں کی تفصیل:

پی ایم مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے شنگھائی تعاون تنظیم کے سبھی ممبر ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ دہشت پسندی کے پورے نظام کو ختم کرنے، اس کی مالی معاونت نیز انتہا پسندی اور دہشت پسندوں کی بھرتی کے خلاف سخت کارروائی کرنے کیلئے مل کر کام کریں۔

آج کرغستان کی دارالحکومت بشکیک میں **SCO** کے **26** ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ

دہشت پسندی سے متعلق دوہرے معیار کی کوئی جگہ نہیں ہے۔وزیر اعظم نے دنیا کے مختلف حصوں میں جاری تناؤ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جنگ اور مخاصمت کسی بھی مسئلے کا حل نہیں اور تمام مسائل کو سفارت کاری کے ذریعے سے حل کیا جانا چاہئے۔

ممبر ممالک نے **SCO** کے **25** برس مکمل ہونے پر بشکیک اعلامیہ کے علاوہ سیکورٹی کے خطرات سے نمٹنے نیز ادارہ جاتی فریم ورک میں بہتری لانے کیلئے کئی قراردادوں پر دستخط کئے۔

وزیر اعظم

اسی دوران وزیر اعظم نے کہا ہے کہ بھارت کی **7** عشاریہ **8** فیصد اقتصادی ترقی ملک کے **140** کروڑ شہریوں کی سخت محنت اور مشترکہ عزم کا نتیجہ ہے۔

سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ عالمی سطح پر کئی دشواریوں، کشیدگی اور کووڈ **19** عالمی وباء کے نتیجے میں پیدا شدہ عدم استحکام کے باوجود بھارت تیز رفتاری سے ترقی پا رہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ترقی کے اس سلسلے کو قائم رکھنے کیلئے ہمیں آتمہ نربھر بھارت کے طے شدہ اہداف کو حاصل کرنا ہوگا۔

----**PM Modi**-----

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے نارکو ٹیرر کے نیٹ ورکوں کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے اور ابھرتے ہوئے ڈیجیٹل خطرات کی نگرانی بڑھانے کی متعلقہ افسروں کو ہدایت دی ہے۔

سرینگر میں اعلیٰ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر یوٹی میں سٹریٹیجک تیاریوں اور سلامتی منظر نامے کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے منوج سنہا نے دہشت پسندی کے خلاف فعال حکمت عملی اپنانے پر بھی زور دیا۔سیکورٹی کے لئے عوامی اعتماد کو اہم قرار دیتے ہوئے لیفٹننٹ گورنر نے پولیس افسروں کو لوگوں کے ساتھ راست رابطہ کاری کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے شہریوں کی شکایات کے ازالے اور ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیلئے مخصوص اوقات مقرر کرنے کا مشورہ دیا۔

منوج سنہا نے اس بات پر زور دیا کہ ہر جائز شکایت حساسیت کے ساتھ حل ہونی چاہئے اور ہر تحقیقات مکمل شفافیت اور غیر جانبداری کے ساتھ باعمل لائی جانی چاہئے۔

میٹنگ میں پولیس و سول انتظامیہ کے دیگر سینئر افسروں کے علاوہ چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، ڈی جی پی نلین پربھات اور **IGP** کشمیر، سجیت کمار بھی موجود تھے۔

سی ایم

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر میں سرمایہ کاری ، اختراعیت اور معاشی ترقی کیلئے ایک معاون اور ساز گار ماحول قائم کرنے پر زور دیا ہے۔

آج سرینگر میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے جموں وکشمیر بھر میں کار باور کرنے میں آسانی لانے کے طریقہ کار سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔

عمر عبداللہ نے اصلاحات کو موثر طریقے پر عملانے میں حائل تمام رکاوٹوں کو بھی دور کرنے اور تاخیر کو کم کرنے کی ضرورت بھی اجاگر کی۔

سی ایم ملاقات

دریں اثنا آئی جی پی کشمیر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد سجیت کمار نے آج سول سیکریٹریٹ سرینگر میں وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی۔ اسی بیچ حال ہی میں IAS اور JKAS میں انڈکٹ کئے گئے متعدد افسران بھی آج سول سیکریٹریٹ سرینگر میں وزیر اعلیٰ سے ملاقی ہوئے۔ وزیر اعلیٰ نے ان سبھی افسروں کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

**Ernst & Young** کے ایک وفد نے اس کے منیجنگ ڈائریکٹر کی قیادت میں آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں **E&Y** کی طرف سے جموں کشمیر میں درردست لئے گئے کاموں کے بارے میں جانکاری دی۔

**Group of Concerned Citizens** کا ایک وفد بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقی ہوا اور جموں وکشمیر میں عوامی نوعیت کے کلیدی معاملات سے انہیں آگاہ کیا۔ وزیر اعلیٰ نے وفود کو یقین دلایا کہ اجاگر کئے گئے معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

راتھر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے بھی انڈین ایڈمنسٹریٹو سروس میں حال ہی میں شامل کئے گئے جموں کشمیر کے افسرں کو مبارکباد دی ہے۔

ایک پیغام میں انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئے انڈکٹ کئے گئے افسر مزید تن دہی اور لگن کے ساتھ کام کر کے لوگوں کی راحت رسانی کرنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ سرکار جموں وکشمیر میں عملائی جاری ترقیاتی اور فلاحی اسکیموں کے فوائد مستحقین تک بروقت اور شفاف طریقے سے پہنچانے کیلئے وعدہ بند ہے۔

ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج کرالہ گنڈ کپواڑہ میں بلاک ڈیولپمنٹ کونسل کی عمارت کا افتتاح کرنے کے بعد کیا۔ انہوں نے کہا کہ جائز عوامی مطالبات اور لوگوں کی ترقیاتی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائے گا۔

سینسس

جموں وکشمیر اور لداخ کے چیف پرنسپل سینسس آفیسر امت شرما نے آج جموں وکشمیر اور لداخ یوٹی کے برفانی علاقوں کیلئے **2027** مردم شماری کے دوسرے مرحلے کی شروعات کا اعلان کیا ہے۔

اس ضمن میں آج باضابطہ طور پر ادھمپور ضلعے کے دور دراز اور برفانی علاقوں **Dudu** اور بسنت گڈھ سے فیلڈ آپریشنز کی شروعات کی گئی۔ اس مرحلے کے تحت جموں وکشمیر کے **16** اضلاع کے برفانی علاقوں میں تقریباً **4** ہزار **6 4 1** **Enumeration** بلاک قائم کئے جا رہے ہیں جبکہ لداخ یوٹی میں **637** **Enumeration** بلاک قائم کئے گئے ہیں۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES

او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

CS

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو کی صدارت میں منعقدہ یوٹی سطح کی اعلیٰ اختیارات والی سٹیرنگ کمیٹی نے جموں وکشمیر کے شہری علاقوں میں مثبت بدلاؤ لانے کیلئے **2** ہزار **692** کروڑ روپے کی لاگت والے تین بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔

سرینگر میں منعقدہ کمیٹی کی میٹنگ کے دوران ان منظور شدہ پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل پر زور دیا گیا۔امید کی جارہی ہے کہ ان پروجیکٹوں کی بدولت جموں ،سرینگر اور کٹرہ میں بنیادی ڈھانچے کو فروغ ملنے کے ساتھ ساتھ سیاحتی اور اقتصادی سرگرمیوں کو مزید تقویت حاصل ہوگی۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مشرق وسطیٰ میں جاری بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان جاری محاذ آرائی دنیا کی معیشت اور امن کیلئے دردسر بنا ہوا ہے۔انہوں نے امن پسند ممالک ،عرب سربراہوں اور **UNO** ممبران سے ایک بار پھر اپیل کی ہے کہ وہ اس تباہ کن جنگ کو روکنے کیلئے اپنا اثرورسوخ استعمال کریں۔

دریں اثنا پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر سے آج مختلف علاقوں سے آئے ہوئے وفود ملاقی ہوئے ۔انہوں نے اس موقعہ پر کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لئے تمام تر وسائل بروئے کارلارہی ہے۔

بی جے پی

پردیش بی جے پی کے ترجمان پریموکش سیٹھ نے کہا ہے کہ مرکز میں مودی سرکار بھارت کی خود مختاری کے بارے میں کبھی کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔

ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بھارت کی طرف سے سندھ۔طاس آبی معاہدے کو منسوخ کیا جانا قومی مفاد میں اٹھایا گیا ایک اہم قدم ہے۔

اسی دوران پارٹی کے ایک اور ترجمان اور بین الاقوامی امور کے کنوینئر گورو گپتا نے بھارت کی **7.8** فیصد شرح

ترقی والے مجموعی گھریلو پیداوار کی سراہنا کرتے ہوئے حزب اختلاف کے لیڈر راہل گاندھی کو ان کے 'ڈیڈ اکونامی' کے ریمارک پر تنقید کا نشانہ بنایا۔

کھٹانہ

**BJP** کے سینئر لیڈر اور ممبر پارلیمنٹ غلام علی کٹھانہ نے نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت کی طرف سے عملائی جارہی پالیسیوں کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان اسکیموں کے، ملک کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

جی ایم شاہین

جنتا دل یونائیٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے نوجوانوں کو مستحکم جموں کشمیر کا روشن مستقبل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سماج میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے سیاسی سرگرمیوں میں ان کی شمولیت قابل ستائش ہے۔

ان باتوں کا اظہار انہوں نے سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب میں کیا جس دوران کئی نوجوانوں نے جنتا دل یونائیٹڈ میں شمولیت اختیار کی۔

پولیس

انسداد نے منشیات کی کاراوئی کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے سوپور میں ایک ناکے کے دوران سنگری کے آصف احمد میر اور روٹلب کے شہباز احمد لون کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے نشیلی اشیاء برآمد کی۔ اس ضمن میں پولیس نے کیس درج کر کے مزید تحقیقات شروع کی ہے۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ سشستر سیما بل **SSB** نیپال میں آئے سیلاب کے بعد بچاؤ اور باز آبادکاری کے کام میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔

**SSB** کی **Investiture** تقریب کے موقعے پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ **SSB** مشکل کے اوقات میں بڑی تیزی اور باہمی اشتراک کے ساتھ متاثرین کی مدد کرتا ہے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے داخلہ سیکرٹری گووند موہن اور **SSB** کے ڈائریکٹر جنرل سنجے سنگھل نے ملک کی سلامتی میں **SSB** کے رول کو اجاگر کیا۔

تقریب

انڈین انسٹی چیوٹ آف ماس کمیونکیشن نئی دلی میں آج انڈین انفارمیشن سروس بیچ **2009**، **2023** اور **2024** کے گروپ اے آفیسر ٹرینیز کیلئے ویلڈکٹری اور گریجویشن تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ وزارت اطلاعات ونشریات کے سیکریٹری چنچل کمار نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی رابطہ کاری، حکمرانی کا ایک لازم ملزوم حصہ ہے جسے بدلتی ٹیکنالوجی اور پلیٹ فارمز کے تقاضوں کے مطابق ابھرنا پڑے گا۔

آئی آئی ایم سی کی وائس چانسلر ڈاکٹر پرگیا پالیوال گور نے بھی ٹرینی افسران کو مبارکباد دی۔

پرہلاد جوشی

مرکزی وزیر تعلیم پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت تیزی سے سماج میں مقبولیت پا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے نوجوان طلباء اب روزمرہ کی تدریسی سرگرمیوں میں مصنوعی ذہانت کا بڑھ چڑھ کر استعمال کر رہے ہیں۔

وزیر آج نئی دلی میں **NCERT** کے **66** ویں یوم تاسیس کے موقعے پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے تعلیمی اداروں میں استعمال کی جارہی درسی کتابوں اور نصاب میں مزید بہتری لانے پر زور دیا۔

بھوپندر یادو

جنگلات وماحولیات کے مرکزی وزیر بھوپندر یادو نے کہا ہے کہ ماحولیات کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے منظم طریقہ کار اپنانے کی ضرورت ہے، جن میں موسمیاتی تبدیلی، حیاتیاتی تنوع، آلودگی اور وسائل کی کمی شامل ہے۔

وزیر موصوف جرمنی کے اپنے ہم منصب کے ساتھ آج نئی دلی میں چوتھے **Indo-German Environment** فورم کی مشترکہ طور پر صدارت کرتے ہوئے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

انہوں نے کہا کہ بھارت کے ترقیاتی منظرنامے میں ماحولیاتی اور اقتصادی پہلوؤں کا مشترکہ رول رہا ہے۔

اس موقعے پر بھارت اور جرمنی نے اہم آبی پناہ گاہوں کے بچاؤ اور بہتر استعمال کیلئے ایک مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کئے۔

بھارت دورہ

بلجیم کے وزیر اعظم **Bart De Wever** کل سے بھارت کے تین روزہ دورے پر آرہے ہیں۔ وہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات، آپسی دلچسپی کے کئی علاقائی اور عالمی امورات پر تبادلہ خیال کریں گے۔

**De Wever** بھارت۔ یورپی یونین تجارتی معاہدے کے تناظر میں ایک تجارتی تقریب پر کلیدی خطبہ بھی دیں گے۔

FM گولڈ

آکاشوانی کا **FM** گولڈ چینل آج اپنے قیام کی **25** ویں سالگرہ منا رہا ہے۔ اِسے آج ہی کے دن سال **2001** میں لانچ کیا گیا تھا۔

بنیادی طور پر **FM-II AIR** کے نام سے جانے جانے والے اس چینل کو ایک **Infotainmet** چینل کے طور پر شروع کیا گیا تھا جو وقت گزرنے کے ساتھ **FM** گولڈ کی شکل اختیار کر گیا۔

اس چینل کے ذریعے سامعین کیلئے جانکاری، تجزیے اور تفریحی بنیادوں پر تیار کردہ پروگرام نشر کئے جاتے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے **24** گھنٹوں کے دوران جموں و کشمیر میں اکثر مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **29.5** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **20.9** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **32.8** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25.2** گری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **5** منٹ اور غروب آفتاب شام **6** بجکر **58** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ